KOH-E-YAAR, آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ

قیمت 5 روپے

ABC CERTIFIED

www.dailykoheyar.com

روزنامہ

کوہِ یار

نوشکی بلوچستان

صفحات 4

بلوچستان کے قلب نوشکی سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اخبار

جلد 20 | بدھ 08 جولائی 2026ء | فون نمبر 081-2869274 | فیکس نمبر 081-2869273 | شمارہ 259

حکومت مزید 28 ریاستی اداروں کی نجکاری کے حوالے سے متحرک ہوگئی، وزیر خزانہ

وزیر خزانہ کا چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو مالی تعاون فراہم کرنے کیلئے ٹاسک فورس کے قیام کا اعلان، نجی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں اضافے کے لیے پورے بینکاری شعبے کی مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے

حکومت مالیاتی شعبے میں اصلاحات اور پائیدار معاشی ترقی کے وسیع تر ایجنڈے پر عمل پیرا ہے، انسانی مداخلت کو کم سے کم کرنا، شفافیت کو فروغ دینا اور ٹیکس دہندگان اور ٹیکس انتظامیہ کے درمیان اعتماد کو مزید مضبوط بنانا ہے، سینیٹر اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو مالی تعاون فراہم کرنے کیلئے ٹاسک فورس کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ نجی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں اضافے کے لیے پورے بینکاری شعبے کی مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے، حکومت مالیاتی شعبے میں اصلاحات اور پائیدار معاشی ترقی کے وسیع تر ایجنڈے پر عمل پیرا ہے۔ وہ منگل کو کراچی میں منعقدہ پاکستان بینکنگ سمت 2026 سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ ٹاسک فورس سٹیٹ بینک کی سربراہی میں کام کرے گی جس میں پاکستان بینکس ایسوسی ایشن، سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)، ملک بھر کے چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور وزارتِ خزانہ کے اعلیٰ نمائندے شامل ہوں گے، اس کا مقصد ایس ایم ایز کے لیے مالی معاونت کو بہتر بنانے اور بینکاری شعبے میں قرضوں تک رسائی کو مزید وسعت دینے کے لیے قابلِ عمل سفارشات مرتب کرنا ہوگا۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ پائیدار معاشی ترقی کے حصول کے لیے بینکاری شعبے کا کردار نہایت اہم ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار، برآمدات، زراعت، صنعت، تعمیرات، ہاؤسنگ اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں کو

(بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 2 پر)

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے صدر، عزت مآب جناب آصف علی زرداری کا کرغز جمہوریہ کا سرکاری دورہ

☆☆☆☆☆☆☆☆ صدر آصف علی زرداری اور کرغز جمہوریہ کے صدر صدر جبارووف دستخط شدہ مشترکہ بیان دکھا رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆

صدر زرداری و کرغز صدر کا تجارت، سرمایہ کاری و توانائی میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

پارلیمانی، دفاعی، سکیورٹی اور تزویراتی پالیسی کے شعبوں میں تبادلوں کا خیر مقدم کیا جائے گا

پاکستان کی وژن سینٹرل ایشیا پالیسی میں کرغزستان کو اہم مقام حاصل ہے، صدر مملکت کی ملاقات میں گفتگو

بشکیک (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اعلیٰ سطح کے ایک وفد کے ہمراہ اپنے سرکاری دورہ کرغزستان کے دوران منگل کو جمہوریہ کرغزستان کے صدر سادیر ژاپاروف نورگوجویوچ سے ملاقات کی۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت کا یہ دورہ پاکستان اور کرغزستان کے درمیان دیرینہ دوستی اور آزمودہ تعلقات کی عکاسی کرتا ہے جو مشترکہ عقیدے، مشترکہ تاریخ اور ثقافتی ہم آہنگی پر مبنی ہیں۔ ملاقات سے قبل رخ اوردو کلچرل سینٹر میں صدر مملکت کے اعزاز میں سرکاری استقبالیہ تقریب منعقد کی گئی۔

ملاقات (بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 2 پر)

ٹرمپ دھمکیاں بند کریں ورنہ جواب ملے گا، ایران کا سخت جواب

آپ ایک مختلف قوم کا سامنا کر رہے ہیں، اپنی بے ربط باتوں سے مزید رسوائی نہ سمیٹیں

دھمکیاں جاری رہیں تو حتمی معاہدے پر مذاکرات شروع نہیں ہوں گے، اپنے دستخط کی عزت کریں، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (این این آئی) ایران کی سپریم نیشنل سیکورٹی کونسل کے سیکرٹری محمد باقر ذوالقدر نے ٹرمپ کو کہا کہ آپ نے اس سے پہلے بھی 250 سالہ تاریخ رکھنے والے ایک کمزور ملک کے رہنما کے طور پر ایران کی ہزاروں سال پرانی تہذیب کے خاتمے کی بات کی تھی جس کا نتیجہ صرف آپ کی شکست، مایوسی اور مذاکرات و جنگ بندی کی درخواستوں کی صورت میں نکلا۔

ایرانی قوم (بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 2 پر)

مطابق باقر ذوالقدر نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ بیانات پر سخت ردعمل دیتے ہوئے انہیں خبردار کیا ہے کہ ایرانی عوام سے احترام کے ساتھ بات کریں۔ ایرانی خبر رساں ایجنسی کے

خواجہ آصف کی گروپ کیپٹن عاصم کی شہادت پر فتنہ الخوارج کے پروپیگنڈا پر تنقید

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے فتنہ الخوارج کی جانب سے گروپ کیپٹن عاصم کی شہادت

(بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 2 پر)

آپ بند کمروں میں نہیں بیٹھیں گے، عوام کے ساتھ کھڑے ہو کر اپنی حکومت چلائیں، بلاول

گلگت بلتستان کی ترقی کے لئے 100 دن کا پلان بنایا جائے اور پھر مجھے پرفارمنس رپورٹ دی جائے، خطاب

گلگت (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے پارٹی رہنماؤں کو ہدایت کی ہے کہ آپ بند کمروں میں نہیں بیٹھیں گے، آپ عوام کے ساتھ کھڑے ہو کر اپنی حکومت چلائیں۔ منگل کو پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سربراہی میں پی پی پی گلگت بلتستان کا وزیر اعلیٰ ہاؤس میں اہم اجلاس ہوا جس میں بلاول بھٹو زرداری

(بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 2 پر)

اسلام آباد، بیٹنگ محتسب سراج الدین عزیز، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے ملاقات کر رہے ہیں

کسی کو بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے نہیں دیں گے، امن دشمن دہشتگردوں کے سد باب تک انکے خلاف جنگ جاری رکھیں گے، صدر، وزیر اعظم، وزیر اعلیٰ، وزیر داخلہ

زیارت دہشتگردی کے حملے میں 9 اہلکار شہید

کلیئرنس آپریشن کے دوران 15 دہشتگرد ہلاک

5 اہلکاروں کو حملہ آور اپنے ساتھ لے گئے، شہداء کی میتیں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل، واقعہ کے خلاف زیارت کے شہریوں کا شدید احتجاج، قومی شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کر دی

شہدا میں ایس ایچ او زتھانہ منگی اور تھانہ کواس، اے ٹی ایف انچارج اور دیگر اہلکار شامل ہیں، شاہد رند، کانسٹیبل رضوان کو بھی بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا ہے، ترجمان

زیارت /اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے ضلع زیارت کے علاقے مانگی میں پولیس کی چوکی پر مسلح دہشت گردوں کے حملے میں 9 اہلکار شہید ہو گئے جس کے بعد کلیئرنس آپریشن کے دوران 15 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا جبکہ وزیر اعظم شہباز شریف نے فتنۃ الخوارج کی جانب سے پولیس چوکی پر دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حملے میں شہید ہونے والے ایس ایچ او زسمیت پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے اور واضح کیا ہے کہ کسی کو بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے نہیں دیں گے، امن دشمن دہشتگردوں کے سد باب تک انکے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔ منگل کو ایس پی زیارت عبدالقدوس کے مطابق زیارت کے علاقے کچ مانگی فیز تھری میں دہشت گردوں نے پولیس چوکی پر حملہ کیا، دہشت گردوں کے حملے میں 9 پولیس اہلکار شہید ہو گئے، شہداء میں دو ایس ایچ او زسمیت 9 اہلکار شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ شہداء میں ایس ایچ او مانگی محمد حسین اور ایس ایچ او کواس صبحت خان شامل ہیں۔

(بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 2 پر)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شہید آیت اللہ منہ ای کا جسد خاکی قم منتقل، نماز جنازہ ادا کر دی گئی

لاکھوں سوگوار تعزیت اور آخری رسومات میں شرکت کے لیے جمع ہوئے، رپورٹ

دھمکیاں جاری رہیں تو حتمی معاہدے پر مذاکرات شروع نہیں ہوں گے، امریکا دستخط کی عزت کرے، عباس عراقچی

قم/تہران (این این آئی) ایران کے سابق رہبر اعلیٰ علی خامنہ ای اور ان کے خاندان کے 4 افراد کی نماز جنازہ ایران کے مقدس شہر قم میں ادا کر دی گئی، جہاں لاکھوں سوگوار تعزیت اور آخری رسومات میں شرکت کے لیے جمع ہوئے۔ ایرانی خبر رساں ایجنسی کے مطابق نماز جنازہ شہر قم کے مضافات میں واقع مسجد جمکران میں ادا کی گئی۔ سوشل میڈیا پر جاری کی گئی ویڈیوز میں مسجد اور اس کے اطراف میں سوگواروں کا بڑا اجتماع دیکھا جا سکتا ہے، جہاں شہید رہبر اعلیٰ کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ رپورٹس کے مطابق علی خامنہ ای کے جسد خاکی کو نماز جنازہ کے

بعد مزید (بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 2 پر)

شہداء بلوچستان پولیس کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، میر سرفراز بگٹی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بغیر بلٹ پروف عام گاڑی میں بذریعہ سڑک زیارت پہنچے، مانگی ڈیم واقعہ اور امن و امان کی صورتحال پر اعلیٰ سطحی اجلاس

دہشت گردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائیوں کا حکم، شہداء کے اہلخانہ سے اظہار یکجہتی اور عوام کو ہر قیمت پر تحفظ فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ

زیارت (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی دہشت گردی کے حالیہ واقعے کے بعد مانگی ڈیم اور زیارت کے متاثرہ علاقوں میں امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لینے، شہداء کے اہلخانہ سے اظہار تعزیت، زخمیوں کی عیادت اور سیکیورٹی فورسز سے اظہار یکجہتی کے لیے بغیر بلٹ پروف عام گاڑی میں بذریعہ

(بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 2 پر)

بھارت انڈونیشیا کو براہموس اور ایسٹرا میزائل فراہم کرے گا، معاہدے طے پا گیا

ہم دنیا کی دو بڑی جمہوریتیں ہیں، درمیان شراکت داری خطے کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگی، صدر پرابوو سوبیانتو

نئی دہلی (این این آئی) بھارت اور انڈونیشیا کے درمیان براہموس کروز میزائل سسٹم سے متعلق معاہدہ طے پا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق معاہدے کا اعلان انڈونیشیا کے صدارتی محل نے دونوں ممالک کے رہنماؤں کی ملاقات کے بعد کیا۔ اعلان کے مطابق

(بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان کے کامیاب مذاکرات، زیارت کراس دھرنا ختم، شاہراہ ٹریفک کے لیے بحال

عوام امن، بھائی چارے اور قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے ریاستی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں، سرفراز بگٹی

زیارت (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے زیارت کراس پہنچ کر دھرنے کے شرکاء سے براہِ راست ملاقات کی، ان کے مطالبات اور تحفظات تفصیل سے سنے اور مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کا اعلان کیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے

(بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 2 پر)

چین، سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ سے 15 افراد ہلاک، 270 سے زائد لاپتہ

متعلقہ اداروں کو ریسکیو اور امدادی کارروائیاں تیز کرنے، زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت

بیجنگ (این این آئی) چین کے وسطی اور جنوبی علاقوں میں طوفانی بارشوں، سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے ہلاکتوں کی تعداد 15 ہوگئی۔ چینی سرکاری میڈیا کے مطابق چین کے وسطی اور جنوبی علاقوں میں طوفانی بارشوں کے باعث سیلابی صورتحال ہے

(بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 2 پر)

ہنہ اوڑک حملہ، لواحقین کا دھرنا تیسرے روز بھی جاری، مطالبات کی منظوری تک تدفین سے انکار

کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ اوڑک میں مسلح افراد کی فائرنگ سے 4 افراد کی شہادت اور متعدد کے زخمی ہونے کے خلاف ہنہ اوڑک کے رہائشیوں اور سیاسی جماعتوں نے دھرنا دیا

دھرنے کے باعث کوئٹہ شہر میں ٹریفک کا نظام بری طرح متاثر ہوا اور علاقے میں سارا دن ٹریفک جام رہی جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے میں قبائل پر مسلح افراد کے حملے کے خلاف شہریوں اور سیاسی جماعتوں کا دھرنا دوسرے روز بھی جاری رہا، دھرنے کے باعث کوئٹہ شہر میں ٹریفک کا نظام بری طرح متاثر ہوا، راستوں کی بندش کے باعث بعض اسکولوں میں ہونے والے پیپرز منسوخ کر دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ اوڑک میں مسلح افراد کی فائرنگ سے 4 افراد کی شہادت اور متعدد کے زخمی ہونے کے خلاف ہنہ اوڑک کے رہائشیوں اور سیاسی جماعتوں نے کوئٹہ ایئر پورٹ روڈ پر دھرنا دے رکھا ہے جو منگل کو دوسرے روز بھی جاری رہا دھرنے کے باعث کوئٹہ شہر میں ٹریفک کا نظام بری طرح متاثر ہوا اور علاقے میں سارا دن ٹریفک جام رہی جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ راستے بند ہونے کی وجہ سے بعض

(بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 2 پر)

کوئٹہ، ہنہ اوڑک کے حالیہ واقعے کے خلاف احتجاج کے باعث ایئر پورٹ روڈ کو بند کیا گیا ہے

روس کے یوکرین کے دارالحکومت کیف پر حملے، 24 افراد ہلاک

صبح کے وقت کیے گئے حملے میں کیف کے پوڈلسکی ضلع میں ایک کثیر منزلہ رہائشی عمارت میں گہرا گڑھا پڑ گیا، یوکرینی حکام

کیف نے ڈرونز اور کروز میزائل مار گرائے، مگر بیلسٹک میزائلوں کے خلاف ہمارے پاس مؤثر دفاعی وسائل ناکافی ہیں، صدر زیلنسکی

ماسکو (این این آئی) روس کی جانب سے یوکرین کے دارالحکومت کیف پر میزائل حملے کے نتیجے میں مزید 24 افراد ہلاک جبکہ 100 سے زائد زخمی ہو گئے۔ یوکرینی حکام کے مطابق روس نے مسلسل دوسرے ہفتے کیف میں رہائشی عمارتوں کو میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں کم از کم 24 افراد ہلاک ہو گئے۔ یہ حملہ اہم نیٹو سمٹ سے عین ایک دن قبل کیا گیا۔ صبح کے وقت کیے گئے حملے میں کیف کے پوڈلسکی ضلع میں ایک کثیر منزلہ رہائشی عمارت میں گہرا گڑھا پڑ گیا، جس سے عمارت کی کئی منزلیں دو حصوں میں بٹ گئیں۔ بیلسٹک میزائل الرٹ کے

(بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 2 پر)

ججز کی خصوصی تربیت ناگزیر ہے، وفاقی وزیر قانون

موثر اور عوام دوست نظامِ انصاف کے قیام کے لیے عدالتی استعداد کار بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ تیزی سے بدلتی ہوئی ٹیکنالوجی، تجارتی رجحانات اور معاشرتی ضروریات کے پیش نظر ججز کی خصوصی تربیت وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ جدید قانونی چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹ سکیں۔ وفاقی وزیر نے یہ بات وزارتِ قانون و انصاف میں ریسرچ سوسائٹی آف انٹرنیشنل لاء اور

(بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 2 پر)

پاکستان عالمی شراکت داروں کے ساتھ مل کر اے آئی مستقبل کی تعمیر کے لئے پرعزم ہے، شزہ فاطمہ خواجہ

جنیوا (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے ڈیجیٹل تبدیلی کے ایجنڈے کو آگے بڑھاتے ہوئے عالمی شراکت داروں کے ساتھ مل کر اے آئی مستقبل کی تعمیر کے لئے پرعزم ہے

(بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 2 پر)

کیف نے ڈرونز اور کروز میزائل مار گرائے، مگر بیلسٹک میزائلوں کے خلاف ہمارے پاس مؤثر دفاعی وسائل ناکافی ہیں، صدر زیلنسکی

☆☆☆☆☆☆☆☆ کوئٹہ، ہنہ اوڑک واقعے کے خلاف ایئر پورٹ روڈ پر منعقدہ احتجاجی دھرنے میں بڑی تعداد میں شہری شریک ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆

اسرائیل غزہ میں انتظامی خلا پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے، حماس کا الزام

ہم ہر ایسے اقدام کا خیر مقدم کرتے ہیں جو جنگ بندی کے معاہدے پر عمل درآمد میں معاون ثابت ہو

تحریک غزہ جنگ بندی معاہدے کی تمام شقوں پر مکمل عمل درآمد کیلئے پرعزم ہے، اقوام متحدہ کا انتظامی کمیٹی تحلیل کرنے کے حماس کے فیصلے کا خیر مقدم

غزہ، نیویارک (آئی این پی) حماس نے اسرائیل پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ غزہ میں اقوام متحدہ کی حمایت یافتہ تکنیکی انتظامی کمیٹی کو اختیارات سنبھالنے سے روک کر علاقے میں انتظامی خلا پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ عرب میڈیا رپورٹ کے مطابق حماس نے غزہ میں اپنی انتظامی باڈی تحلیل کرنے کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ اقدام اقتدار کی منتقلی کو آسان بنانے کیلئے کیا گیا تاکہ غزہ کی انتظامیہ کیلئے قومی کمیٹی (این سی اے جی) کو مکمل اختیارات منتقل کیے جا سکیں، یہ کمیٹی جنوری میں تشکیل دی گئی تھی، تاہم حماس کے مطابق اسرائیل نے اسے غزہ میں داخل ہونے

(بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 2 پر)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت طے کرنے کے طریقہ کار سے متعلق درخواست مسترد

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت طے کرنے کے طریقہ کار کے خلاف درخواست ناقابلِ سماعت قرار دے کر مسترد کر دی۔ عدالت کی جانب سے کہا گیا

(بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 2 پر)

نیٹو نے بہت مایوس کیا، ایران جنگ میں ہمیں کسی کی ضرورت نہیں تھی، ٹرمپ

ترکیے اور امریکا میں اچھے تعلقات ہیں، ترکیے کے ساتھ تجارت پر بات چیت کریں گے، امریکی صدر

انقرہ (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ نیٹو نے بہت مایوس کیا ہے، ایران جنگ میں ہمیں کسی کی ضرورت نہیں تھی۔ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر نے کہا کہ ترکیے اور امریکا میں اچھے تعلقات ہیں، ترکیے کے ساتھ تجارت پر بات چیت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے نیٹو

(بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 2 پر)

کارگل جنگ کے ہیرو حوالدار لالک جان کا 27 واں یوم شہادت منایا گیا

شہید کے مزار پر پُروقار تقریب، پاک فوج کے چاک و چوبند دستے کی سلامی پیش، مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی گئی

راولپنڈی (این این آئی) کارگل جنگ کے ہیرو حوالدار لالک جان کا منگل کو 27 واں یوم شہادت منایا گیا، لالک جان شہید نے کارگل میں دشمن پر دھاک بٹھائی، شدید زخمی ہونے کے باوجود محاذ نہ چھوڑا، حکومت نے بے مثال بہادری پر لالک جان شہید کو

(بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 2 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نیوٹرا ما سینٹر میں حالیہ ہنہ اوڑک حملے کے بعد میڈیا پر سنز سے گفتگو کر رہے ہیں

کراچی میں دہشت گردی کا بڑا منصوبہ ناکام، 2 دہشت گرد گرفتار

سی ٹی ڈی اور حساس ادارے نے مزید ٹیمیں تشکیل دیدی ہیں جو ملزمان سے تحقیقات کے بعد مزید کارروائی عمل میں لائیں گی

گرفتار دہشت گردوں میں مجاہد بلوچ اور فرید بلوچ عرف ذاکر بن شامل، ملزمان نے ریکی اور کمیونیکیشن کی ٹریننگ حاصل کی ہوئی ہے، رپورٹ

کراچی (این این آئی) کراچی میں دہشت گردی کا بڑا منصوبہ ناکام ہوگیا جب کہ کاؤنٹر ٹیررزم ڈیپارٹمنٹ نے کارروائی میں 2 دہشت گرد گرفتار کرلیے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق گرفتار دہشت گردوں کا تعلق کالعدم بی ایل اے سے ہے، گرفتار دہشت گردوں میں مجاہد بلوچ اور فرید بلوچ عرف ذاکر بن شامل ہیں، ملزمان (BLA) کے کیمپس سے تربیت یافتہ ہیں، ملزمان نے ریکی اور کمیونیکیشن کی ٹریننگ حاصل کی ہوئی ہے۔ گرفتار ملزمان دہشتگرد تنظیم کے کمانڈر ساجد بلوچ اور بشیر زیب کی ہدایت پر کراچی میں مقیم تھے، ملزمان حساس تنصیبات کی معلومات

(بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 2 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سینیٹر دوستین ڈومکی سے ملاقات کر رہے ہیں

کوہِ یار

Email: koheyaar@gmail.com

ایران کی نظریاتی فتح اور مشرقِ وسطیٰ کا مستقبل

رشید صافی

جب کوئی لیڈر اپنی قوم کو نظریاتی اساس پر متحد اور فکری طور پر مستحکم کر دیتا ہے تو وہ قوم محض ایک جغرافیائی اکائی نہیں رہتی بلکہ ایک ناقابلِ تسخیر تحریک میں بدل جاتی ہے۔ دنیا کے سیاسی نقشے پر ابھرنے والی کئی ریاستوں کا وجود اور ان کی بقا مادی طاقت کے بجائے نظریاتی پختگی کی مرہونِ منت رہی ہے۔ آزادی کی طویل جدوجہد ہو، خودمختار مملکت کا حصول ہو یا پھر بیرونی جارحیت کے خلاف بقا کی جنگیں، ان تمام معرکوں میں حتمی فتح مادی وسائل کی نہیں بلکہ نظریاتی استقامت کی ہوئی ہے۔ فکری مضبوطی قوموں کو وہ داخلی توانائی فراہم کرتی ہے جو انہیں بیرونی دباؤ؟ کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنا دیتی ہے۔

تہران میں ایران کے سابق سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی الوداعی تقاریب اور جنازے کے تاریخی اجتماع نے عالمی مبصرین کو حیرت زدہ کر دیا ہے۔ ایران کی سڑکوں پر اُمڈ آنے والا عوامی سمندر اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ ایرانی عوام اپنے قائد کے بعد ان کے نظریات سے پہلے سے زیادہ مضبوطی کے ساتھ وابستہ ہیں۔ بین الاقوامی منظرنامے پر یہ اجتماع محض ایک سیاسی رہنما کا آخری سفر نہیں تھا بلکہ پورے فکری نظام کے ساتھ عوامی وفاداری کا غیر متزلزل مظاہرہ تھا۔

حقیقت یہ ہے کہ امریکہ اور اسرائیل کی ایران کے ساتھ اصل معرکہ آرائی محض عسکری تخصیصات تک محدود نہیں ہے بلکہ یہ بنیادی طور پر نظریاتی جنگ ہے۔ ایک اہم شخصیت کا بظاہر منظرنامے سے ہٹ جانا سٹریٹیجک نقطہ؟ نظر سے حریف قوتوں کیلئے وقتی کامیابی ہوسکتا ہے لیکن اگر اس شخصیت کا چھوڑا ہوا نظریہ عوام کے دلوں میں زندہ رہے تو وہ رہنما فکری محاذ پر ہمیشہ کیلئے امر ہو جاتا ہے۔ زمینی اور مادی لحاظ سے ایران کو یقیناً بڑے نقصانات کا سامنا کرنا پڑا لیکن سٹرٹیجک اور سیاسی بقا کے اصولوں کے مطابق ایران کی اصل فتح اس کی داخلی استقامت اور فکری یکجہتی میں ہے؛ جس کا مظاہرہ اس کے عوام نے کیا۔ سپریم لیڈر نے اپنی قوم کو جس نظریاتی سانچے میں ڈھالا؛ اس نے داخلی طور پر معاشرے کو اتنا مضبوط کر دیا ہے کہ کسی بھی بیرونی طاقت کیلئے وہاں دراڑیں ڈالنا ناممکن حد تک مشکل ہو چکا ہے۔ اس غیر معمولی تاریخی موڑ پر ایران کے داخلی منظرنامے پر ایک اور اہم تبدیلی دیکھنے کو ملی ہے۔ جنازے کے اس بڑے اجتماع نے مسلم اُمہ بلکہ دنیا کے سیاسی مبصرین کو بھی حیرت زدہ کر دیا۔ اس مرحلے پر ایران کی وہ سٹرٹیجک اور سیاسی قیادت یکجا ہو کر منظرِ عام پر آئی جو خطے میں جاری کشیدگی اور سیکورٹی پروٹوکولز کے باعث اب تک پسِ منظر میں کام کر رہی تھی۔ اس موقع پر دیے جانے والے بیانات اور سٹرٹیجک اشارے مشرقِ وسطیٰ کے مستقبل کے سیاسی و عسکری منظرنامے کو سمجھنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔

ایران کے آرمی چیف میجر جنرل امیر حاتمی نے انتہائی سخت اور واضح مو؟ قف اپناتے ہوئے اعلان کیا کہ سابق رہبرِ اعلیٰ کی شہادت اور خطے میں ہدف بنانے کی کارروائیوں کے ذمہ داران کا تعاقب ہر سطح پر کیا جائے گا اور وہ کسی صورت اپنے انجام سے نہیں بچ سکیں گے۔ یہ بیان اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ عسکری قیادت دفاعی حکمت عملی کے ساتھ ساتھ جارحانہ متبادل پر بھی مکمل آمادگی رکھتی ہے۔ اسی طرح ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے اپنے سیاسی و آئینی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ شہید رہبر اعلیٰ کے مشن کو پوری قوت کے ساتھ جاری رکھیں گے اور عوام سے کیے گئے تمام تر وعدوں کو نبھائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ جس پرچم کی سربلندی کیلئے ایرانی قیادت نے دہائیوں تک جدوجہد کی؛ اسے سرنگوں نہیں ہونے دیا جائے گا۔ ایرانی قیادت کا یہ موقف ظاہر کرتا ہے کہ نظام کے کلیدی ستون اپنے نظریے پر قائم ہیں۔

شیعہ سیاسی فکر اور ایرانی ثقافت میں علامتی پیغامات کو انتہائی اہمیت حاصل ہے۔ تہران کے امام خمینی مصلیٰ میں جمع ہونے والے لاکھوں سوگواروں کے ہاتھوں میں لہراتے ہوئے سرخ پرچم محض احتجاج کا ذریعہ نہیں تھے بلکہ یہ دنیا کو دیا جانے والا واضح پیغام تھا۔ ایرانی تاریخ اور اسلامی روایات میں سرخ رنگ کا پرچم اس بات کی علامت سمجھا جاتا ہے کہ کسی کا خون ناحق بہایا گیا ہے اور جب تک اس کا قصاص نہ لے لیا جائے یہ پرچم سرنگوں نہیں کیا جاتا۔ ان سرخ پرچموں پر درج نعروں نے اس پورے اجتماع کو شدید جذباتی اور فکری توانائی فراہم کی۔ ان پر طویل عرصے سے مستعمل روایتی نعرہ ''یا ثاراتِ الحسین'' (اے حسین کا بدلہ لینے والو!) نمایاں تھا؛ جو کربلا کے تاریخی پسِ منظر اور مظلومیت کے خلاف اُٹھ کھڑے ہونے کے استعارے کو زندہ کرتا ہے۔ تاہم اس بار اس روایتی بیانیے کے ساتھ ایک نیا نعرہ ''یا ثاراتِ الخامنہ ای'' (اے خامنہ ای کا بدلہ لینے والو) بھی گونجتا رہا۔ اہلِ تشیع کی سیاسی تاریخ میں یہ نعرہ تاریخی طور پر جنگجو؟ں کو مشترکہ ہدف کیلئے متحرک کرنے اور انتقام کیلئے صف آرا کرنے کا سب سے بڑا محرک رہا ہے۔ اب اس نعرے کو اپنے شہید سپریم لیڈر کے نام کے ساتھ جوڑنا اس بات کا اعلان ہے کہ عوام اپنی قیادت کے نقصان کو محض ایک سیاسی سانحہ نہیں سمجھ رہے بلکہ اسے ایک نظریاتی موڑ قرار دے کر حریف طاقتوں سے براہِ راست اور سخت ترین تلافی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

تہران کے اس تعزیتی اجتماع کی ایک اور اہم خاصیت وہاں مختلف نوعیت کے پرچموں کی بیک وقت موجودگی تھی۔ ان سرخ پرچموں کے دوش بدوش جہاں ایران کا قومی پرچم لہرایا جا رہا تھا وہیں پیلے رنگ کے پرچم بھی بڑی تعداد میں موجود تھے جو لبنانی تنظیم حزب اللہ اور خطے میں موجود پورے مزاحمتی بلاک کی نمائندگی کرتے ہیں۔ ان تمام پرچموں کا یکجا ہونا عالمی برادری بالخصوص مغربی اتحاد پر یہ واضح کرنا تھا کہ ایران اور اس کے اتحادی اس بڑے نقصان پر نہ تو خاموش بیٹھیں گے اور نہ ہی ان کے دفاعی نیٹ ورک میں کوئی کمزوری آئی ہے۔ یہ اتحاد ظاہر کرتا ہے کہ علاقائی سطح پر ایران کے نان سٹیٹ وسٹیٹ الائنمنٹ مستحکم اور مکمل رابطے میں ہیں اور کسی بھی بڑی عسکری مہم جوئی کا جواب دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان بیانات وعلامات سے واضح ہوتا ہے کہ مشرقِ وسطیٰ میں جاری شدید کشیدگی اور سرد جنگ کا یہ باب اتنی آسانی سے ختم ہونے والا نہیں ہے۔

جہاں ایک طرف عوامی سطح پر انتقام اور عسکری کارروائیوں کا دباو؟ عروج پر ہے وہیں ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر باقر قالیباف نے متوازن رخ اختیار۔ باقر قالیباف نے معاملات کو سلجھانے کیلئے سفارتکاری کے دروازے کھلے رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکہ کے ساتھ طے پانے والی سابقہ مفاہمتی یادداشتوں پر عملدرآمد موجودہ حالات میں مشکل ضرور ہے لیکن اسے ناممکن قرار نہیں دیا جا سکتا۔ ایرانی سپیکر کا حقیقت پسندانہ مو؟قف اس بات کی علامت ہے کہ ایرانی فیصلہ سازوں کا ایک حصہ اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ میدانِ جنگ میں حاصل ہونے والی کامیابیوں کا تحفظ اور ان کا منطقی نتیجہ صرف اور صرف میز پر ہونے والی مو؟ثر سفارتکاری کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس تناظر میں دیکھا جائے تو ایران اس وقت دوراہے پر ہے۔ ملک کے اندر جذباتی لہر اور سخت گیر مو؟قف رکھنے والوں کی تعداد زیادہ ہے جو فوری انتقام کے خواہاں ہیں لیکن دوسری طرف ایسے حقیقت پسند مدبر بھی موجود ہیں جو بین الاقوامی تعلقات کی نزاکتوں کو سمجھتے ہیں۔ تاریخ بتاتی ہے کہ اندھا دھند عسکری اقدامات اور مسلسل جنگیں ملکوں کو جنگی' معاشی تباہی اور داخلی انتشار کی طرف دھکیل دیتی ہیں' جیسا کہ ماضی قریب میں افغانستان کے تلخ تجربات سے ثابت ہو چکا ہے۔ اس کے برعکس دانشمندانہ سفارتکاری طویل ترین جنگوں کے ابواب کو بھی بند کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اب یہ ایرانی قیادت پر منحصر ہے کہ آیا وہ عوامی جذبات کی رو میں بہہ کر ملک کو طویل مدتی بحرانوں اور ممکنہ جنگ کی دلدل میں دھکیلتے ہیں یا پھر طاقت کے توازن کو برقرار رکھتے ہوئے سفارتکاری کے ذریعے اپنے قومی مفادات کا تحفظ کر کے ملک کو امن اور معاشی استحکام کا گہوارہ بناتے ہیں۔

اویس توحید

تہران میں قدم رکھتے ہی احساس ہو چلا کہ پورا شہر غم میں ڈوبا ہوا ہے۔ ہر دیوار، ہر چوراہے پر سرخ اور سیاہ رنگ کے ہزاروں کی تعداد میں آیت اللہ علی خامنہ ای کے پوسٹر اور بینرز۔ ایک بڑی تعداد میں سوگواران بھی سیاہ لباس میں ملبوس آخری رسومات میں شرکت کے لیے ہاتھوں میں اپنے رہنما کی تصاویر لیے شہر کے وسط میں واقعہ مصلیٰ امام خمینی کے ایک بہت بڑے احاطے کا کرتے دکھائی دیے جہاں امریکہ اور اسرائیل کے حملے میں مارے جانے والے رہنما کا جسد خاکی رکھا تھا۔ کئی لوگوں کے ہاتھوں میں سرخ اور سیاہ رنگ کے پرچم بھی تھے جو ایک طرف غم اور دوسری طرف علاقائی انتقام کی عکاسی کر رہے تھے۔ ماحول جذباتی تھا۔ لیکن اسی سوگوار ماحول میں سیاسی رنگ بھی جھلک رہا تھا۔ 'امریکہ اور اسرائیل مردہ باد' کے نعرے بھی بلند ہو رہے تھے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ خود ایرانی انتظامیہ ان بڑی تقریبات کے انعقاد کے ذریعے جہاں سپریم لیڈر کو خراجِ تحسین پیش کرنا چاہتی ہے وہاں امریکہ اور مغربی دنیا کو ایرانی قوم کے متحد ہونے کا پیغام بھی دینا چاہتی ہے۔ اور اسی پیغام میں غالباً ایران کے نظامِ حکومت اور اس کے 'نظریاتی انقلاب' کا تسلسل بھی مراد ہے۔ امریکہ اور اسرائیل کے ساتھ جنگ کے دوران ایران میں جن عناصر کو حکومت کے رویوں سے تحفظات تھے انہوں نے بھی ساتھ دیا تھا۔ اسی اتحاد کی وجہ سے ٹرمپ اور نیتن یاہو کی ایران میں حکومت کی تبدیلی کی خواہش ناکام رہی تھی۔ اب ایرانی نظریاتی نظام کے رکھوالے شاید مستقبل میں جنگ کے دوران اس قومی اتحاد کے جذبے کو انقلاب کے تسلسل کے لیے اہم سمجھتے ہیں۔

ان تقریبات میں عوام کو ایرانی مفادات کے لیے دشمن کے خلاف اٹھ کھڑے ہو جانے کا پیغام ہے۔ ان ہی الفاظ پر مبنی جنگی ترانے کی تشہیر کی جا رہی ہے۔ جگہ جگہ پر آویزاں سرخ اور سیاہ رنگ کے پوسٹرز پر طاقت اور اتحاد کی علامتی نشانی مکا نمایاں نظر آتا ہے۔ دیواروں پر امریکہ مخالف نعرے۔ 'مرگ بر امریکہ' یعنی مردہ باد امریکہ۔ 'ماھمہ خونخواہ پدر۔۔۔' مطلب کچھ یوں کہ ایرانی قوم اپنے روحانی 'باپ' (آیت اللہ خامنہ ای) کے خون کا انتقام چاہتی ہے۔ سینکڑوں سٹالز پر جنگی ترانے لوگوں کو 'امریکہ اور اسرائیل' کے خلاف متحد ہونے کی ترغیب دے رہے ہیں۔ اسی شہر تہران میں امریکہ کے سفارت خانہ کی عمارت بھی موجود جسے امام خمینی کے 'اسلامی انقلاب' کے بعد میوزیم میں تبدیل کر دیا گیا تھا۔ اسے فارسی میں عام طور پر 'لانہ جاسوسی' یا جاسوسی کا اڈہ کہتے ہیں۔ میں نے جب اس عمارت کو دیکھا تو اس میں اس زمانہ کا فرنیچر، دستاویزات اور تصاویر محفوظ کی گئی ہیں۔ سفارتی عملہ کو عمارت پر قبضہ کر کے یرغمال بنایا گیا تھا۔ عوام کو امریکہ کی جانب سے ایران کے اسلامی انقلاب کے خلاف گویا سازشوں کو ہمیشہ کے لیے ذہنوں میں نقش کرنے کی کوشش تھی۔ ایران امریکہ دشمنی کی بنیادیں بیحد گہری یہاں تک کہ 1979 جب شہنشاہ ایران کے بادشاہی دور کے خاتمہ کے بعد امریکہ سے سفارتی تعلقات کا بھی خاتمہ ہوا۔ دشمنی کی دہائیوں پر مبنی تاریخ ہے۔ تنازعات، جنگیں اور ایران کے 'بدترین دشمن' اسرائیل کے ساتھ امریکہ کا سیاسی اور مظبوط عسکری بندھن۔ امریکہ کی اقتصادی پابندیاں اور دشمنی ایران کی عالمی تنہائی کی اہم وجہ رہی ہیں تو بدگمانیاں بھی بے شمار۔ اس تناظر میں پھر امن معاہدے کا مستقبل بھی لڑکھڑاتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ جیسے کچی ڈور کے ساتھ بندھی پتنگ کا فضا میں دیر تک رہنا مشکل ہوتا ہے۔ زیادہ تر ایرانی تو ایسے ہی محسوس کر رہے ہیں۔

امن معاہدے یا مفاہمتی یادداشت کے نکات میں ایران کا پلڑا بھاری سمجھتے ہیں۔ آبنائے ہرمز کو نیوکلر ہتھیار سے زیادہ خطرناک ہتھیار مانتے ہیں اور اس کے مکمل کنٹرول کے خواہش مند ہیں۔ اس معاملہ پر کوئی سمجھوتہ نہیں چاہتے۔ سمجھتے ہیں کہ آبنائے ہرمز پر کنٹرول کا جنگ میں ایران کی کامیابی میں بڑا ہاتھ ہے۔

اقتصادی پابندیوں کا خاتمہ، اثاثوں کا غیر مجمد ہونا ایران کی کمزور اقتصادی صحت کو طاقتور بنانے کی ضرورت کی اہمیت سے واقف ہیں۔ بڑھتی ہوئی افراط زر کی شرح، تیزی سے بڑھتی ہوئی نوجوانوں کی تعداد لیے ناکافی روزگار پریشانی کا باعث ہے۔ نوجوانوں کی آبادی میں شرح انداز 63 فیصد ہے۔

تاہم زیادہ تر ایرانیوں کو امریکہ کے امن معاہدے کے وعدوں کو نبھانا مشکل لگتا ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ٹرمپ اپنے اردگرد مڈٹرم الیکشن اور بیشتر امریکیوں کی ایران کے ساتھ جنگ کی مخالفت اور سامنے نظر آنے والی 'شکست' کے خوف کی مجبوریوں کے حصار میں گھرے جانے کی وجہ سے امن معاہدے پر راضی ہوئے ہیں۔ اور خدشات کا اظہار کرتے ہیں کہ امریکہ اور اسرائیل ایران کے خلاف پھر جنگ مسلط کر سکتے ہیں۔

تہران میں سپریم لیڈر کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ کئی شرکا کے ہاتھوں میں حزب اللہ کے پیلے جھنڈے بھی نمایاں ہیں۔

جو امریکہ کے لیے پیغام کا اظہار ہے کہ ایران اور حزب اللہ کا اتحاد مضبوط ہے اور ایران نہ اس گروہ کو تنہا چھوڑے گا اور نہ ہی اس معاملہ پر کوئی سودے بازی کریگا۔ مصلی امام خمینی کے احاطے جہاں نمازہ جنازہ ادا کی گئی وہاں سے مجھے ہجوم کی وجہ سے پیدل ہوٹل واپسی میں لگ بھگ ایک گھنٹہ لگا۔ سخت سکیورٹی انتظامات، نگرانی پاسداران انقلاب کے خودکار ہتھیاروں اور بکتر بند گاڑیوں سے لیس فوجیوں کے پاس تھی۔

میرے دہن کو سوچ نے گھیرے میں لیے ہوا تھا۔ ایرانیوں کی امریکہ کے ساتھ امن معاہدے کے بارے میں شکوک وشبہات اور اس جنگی ماحول کو مدنظر رکھیں تو معاہدے کا مستقبل ڈگمگاتا نظر آتا ہے۔

مجھے ایک بزرگ ایرانی کی بات یاد آئی۔ 'امریکہ اور اسرائیل قابل اعتبار نہیں۔ ماضی میں بھی مذاکراتی میز پر تھے جب ہمارے خلاف جنگ کی گئی۔ یہ کیسے بھول سکتے ہیں۔ اب بھی ہمیں لگتا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل جنگ کی تیاری کر رہے ہیں۔ اگر جنگ مسلط کی گئی تو اس بار ہم نے بھی اپنے ہاتھ بندوق کے ٹریگر پر رکھے ہوئے ہیں۔'

☆☆☆☆

ڈگمگاتا امن معاہدہ اور خامنہ ای کی تدفین

روحانی 'باپ' (آیت اللہ خامنہ ای) کے خون کا انتقام چاہتی ہے۔ سینکڑوں سٹالز پر جنگی ترانے لوگوں کو 'امریکہ اور اسرائیل' کے خلاف متحد ہونے کی ترغیب دے رہے ہیں۔ اسی شہر تہران میں امریکہ کے سفارت خانہ کی عمارت بھی موجود جسے امام خمینی کے 'اسلامی انقلاب' کے بعد میوزیم میں تبدیل کر دیا گیا تھا۔ اسے فارسی میں عام طور پر 'لانہ جاسوسی' یا جاسوسی کا اڈہ کہتے ہیں۔ میں نے جب اس عمارت کو دیکھا تو اس میں اس زمانہ کا فرنیچر، دستاویزات اور تصاویر محفوظ کی گئی ہیں۔ سفارتی عملہ کو عمارت پر قبضہ کر کے یرغمال بنایا گیا تھا۔ عوام کو امریکہ کی جانب سے ایران کے اسلامی انقلاب کے خلاف گویا سازشوں کو ہمیشہ کے لیے ذہنوں میں نقش کرنے کی کوشش تھی۔ ایران امریکہ دشمنی کی بنیادیں بیحد گہری یہاں تک کہ 1979 جب شہنشاہ ایران کے بادشاہی دور کے خاتمہ کے بعد امریکہ سے سفارتی تعلقات کا بھی خاتمہ ہوا۔ دشمنی کی دہائیوں پر مبنی تاریخ ہے۔ تنازعات، جنگیں اور ایران کے 'بدترین دشمن' اسرائیل کے ساتھ امریکہ کا سیاسی اور مظبوط عسکری بندھن۔ امریکہ کی اقتصادی پابندیاں اور دشمنی ایران کی عالمی تنہائی کی اہم وجہ رہی ہیں تو بدگمانیاں بھی بے شمار۔ اس تناظر میں پھر امن معاہدے کا مستقبل بھی لڑکھڑاتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ جیسے کچی ڈور کے ساتھ بندھی پتنگ کا فضا میں دیر تک رہنا مشکل ہوتا ہے۔ زیادہ تر ایرانی تو ایسے ہی محسوس کر رہے ہیں۔

امن معاہدے یا مفاہمتی یادداشت کے نکات میں ایران کا پلڑا بھاری سمجھتے ہیں۔ آبنائے ہرمز کو نیوکلر ہتھیار سے زیادہ خطرناک ہتھیار مانتے ہیں اور اس کے مکمل کنٹرول کے خواہش مند ہیں۔ اس معاملہ پر کوئی سمجھوتہ نہیں چاہتے۔ سمجھتے ہیں کہ آبنائے ہرمز پر کنٹرول کا جنگ میں ایران کی کامیابی میں بڑا ہاتھ ہے۔

اقتصادی پابندیوں کا خاتمہ، اثاثوں کا غیر مجمد ہونا ایران کی کمزور اقتصادی صحت کو طاقتور بنانے کی ضرورت کی اہمیت سے واقف ہیں۔ بڑھتی ہوئی افراط زر کی شرح، تیزی سے بڑھتی ہوئی نوجوانوں کی تعداد لیے ناکافی روزگار پریشانی کا باعث ہے۔ نوجوانوں کی آبادی میں شرح انداز 63 فیصد ہے۔

تاہم زیادہ تر ایرانیوں کو امریکہ کے امن معاہدے کے وعدوں کو نبھانا مشکل لگتا ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ٹرمپ اپنے اردگرد مڈٹرم الیکشن اور بیشتر امریکیوں کی ایران کے ساتھ جنگ کی مخالفت اور سامنے نظر آنے والی 'شکست' کے خوف کی مجبوریوں کے حصار میں گھرے جانے کی وجہ سے امن معاہدے پر راضی ہوئے ہیں۔ اور خدشات کا اظہار کرتے ہیں کہ امریکہ اور اسرائیل ایران کے خلاف پھر جنگ مسلط کر سکتے ہیں۔

تہران میں سپریم لیڈر کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ کئی شرکا کے ہاتھوں میں حزب اللہ کے پیلے جھنڈے بھی نمایاں ہیں۔

جو امریکہ کے لیے پیغام کا اظہار ہے کہ ایران اور حزب اللہ کا اتحاد مضبوط ہے اور ایران نہ اس گروہ کو

بقیہ کوہِ یار 01

قرضوں کی فراہمی میں اضافہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ایس ایم ایز کو مالی سہولیات کی فراہمی صرف چند اداروں کی نہیں بلکہ پورے بینکاری شعبے کی مشترکہ قومی ذمہ داری ہونی چاہیے، مالی سال 2026 27 کے وفاقی بجٹ میں ان شعبوں کے لیے ضروری مالی وسائل پہلے ہی مختص کیے جا چکے ہیں۔ وزیرِ خزانہ نے پاکستان کی بہتر ہوتی ہوئی معاشی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ مالی سال مضبوط بنیادوں پر اختتام پذیر ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ بنیادی مالیاتی سرپلس، حالیہ برسوں کا کم ترین مالیاتی خسارہ، قرضوں کے بہتر اشاریے، حسابات جاریہ کے کھاتوں کی مستحکم کارکردگی، ترسیلاتِ زر کی ریکارڈ آمد، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ اور پاکستان کی بین الاقوامی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی (جن میں ملک کا پہلا پانڈا بانڈ بھی شامل ہے) اس مثبت پیش رفت کے نمایاں عوامل ہیں۔ وزیرِ خزانہ نے کہا کہ حکومت معاشی استحکام کو برآمدات پر مبنی پائیدار اقتصادی ترقی میں تبدیل کرنے کے لیے ڈھانچہ جاتی اصلاحات اور پالیسیوں کے تسلسل پر پوری طرح کاربند ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالی سال 2026 27 کے وفاقی بجٹ میں ٹیکس اور مالیاتی شعبے سے متعلق متعدد اہم اقدامات متعارف کرائے گئے ہیں تاکہ ملکی مسابقت میں اضافہ ہو، سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی ہو، برآمد کنندگان، زرعی اور صنعتی شعبوں کو سہولت ملے اور تنخواہ دار طبقے کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ حکومت کاروباری برادری کو زیادہ یقین دہانی اور پالیسیوں میں پیش بینی فراہم کرنے کے لیے درمیانی مدت کی ٹیکس حکمتِ عملی متعارف کرائے گی۔ وزیرِ خزانہ نے ٹیکس نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے حکومت کی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ ٹیکنالوجی پر مبنی نیا انتظامی نظام متعارف کرایا جا رہا ہے جس کا مقصد انسانی مداخلت کو کم سے کم کرنا، شفافیت کو فروغ دینا اور ٹیکس دہندگان اور ٹیکس انتظامیہ کے درمیان اعتماد کو مزید مضبوط بنانا ہے۔

وزیرِ خزانہ نے بالخصوص ایس ایم ایز اور چھوٹے کسانوں کے لیے رسک شیئرنگ اور جزوی کریڈٹ گارنٹی سکیموں کو مزید وسعت دینے اور برآمدات پر مبنی شعبوں کے لیے ہدفی مالی معاونت جاری رکھنے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ حکومت قرضہ دینے کو صرف بینکاری ذرائع سے محدود رکھنے کے بجائے غیر بینکاری ذرائع سے بھی فروغ دینے اور مقامی قرضہ جاتی سرمایہ منڈیوں کو مزید مستحکم کرنے کیلئے کوششیں کرے گی تاکہ نجی شعبے کے لیے قرضوں کی فراہمی کے امکانات میں اضافہ ہو۔ انہوں نے مالیاتی شعبے میں حکومت کے وسیع تر اصلاحات کے پروگرام پر روشنی ڈالتے ہوئے نجکاری، موسمیاتی مالیات، ڈیجیٹل اثاثوں اور مالیاتی جدت کو بھی اہم ترجیحات قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں نافذ کیے گئے ورچوئل اثاثہ جات ایکٹ 2026 کے ذریعے ڈیجیٹل اثاثوں کے لیے ایک جدید اور مؤثر ریگولیٹری فریم ورک قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت خود مختار قرضوں کی رفت کے نمایاں عوامل ہیں۔ وزیرِ خزانہ نے کہا کہ حکومت معاشی استحکام کو برآمدات پر مبنی پائیدار اقتصادی ترقی میں تبدیل کرنے کے لیے ڈھانچہ جاتی اصلاحات اور پالیسیوں کے تسلسل پر پوری طرح کاربند ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالی سال 2026 27 کے وفاقی بجٹ میں ٹیکس اور مالیاتی شعبے سے متعلق متعدد اہم اقدامات متعارف کرائے گئے ہیں تاکہ ملکی مسابقت میں اضافہ ہو، سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی ہو، برآمد کنندگان، زرعی اور صنعتی شعبوں کو سہولت ملے اور تنخواہ دار طبقے کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ حکومت کاروباری برادری کو زیادہ یقین دہانی اور پالیسیوں میں پیش بینی فراہم کرنے کے لیے درمیانی مدت کی ٹیکس حکمتِ عملی متعارف کرائے گی۔ وزیرِ خزانہ نے ٹیکس نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے حکومت کی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ ٹیکنالوجی پر مبنی نیا انتظامی نظام متعارف کرایا جا رہا ہے جس کا مقصد انسانی مداخلت کو کم سے کم کرنا، شفافیت کو فروغ دینا اور ٹیکس دہندگان اور ٹیکس انتظامیہ کے درمیان اعتماد کو مزید مضبوط بنانا ہے۔

بقیہ کوہِ یار 02

رپورٹ کے مطابق گزشتہ رات سے دہشت گردوں اور پولیس کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ جاری تھا۔ ایس پی زیارت نے بتایا کہ شہید اہلکاروں کی لاشیں ڈی ایچ کیو ہسپتال زیارت منتقل کر دی گئیں۔ ایس پی زیارت عبدالقدوس نے بتایا کہ 5 اہلکاروں کو حملہ آور اپنے ساتھ لے گئے۔ واقعہ کے بعد علاقے میں سکیورٹی فورسز اور پولیس کی نفری بڑھا دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق حملہ آوروں کی تلاش اور علاقے کی کلیئرنس کیلئے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا دوسری جانب واقعہ کے خلاف زیارت کے شہریوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے زیارت کراس کے مقام پر قومی شاہراہ ہرنئی کو ٹریفک کے لیے بند کر دی جس کے باعث آمد و رفت معطل ہوگئی اور گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون شاہد رند نے اس واقعے سے متعلق کہا کہ زیارت میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کلیئرنس آپریشن مکمل کر لیا گیا ہے، ایف سی، پولیس، ہی ٹی ڈی، ایس او ڈبلیو اور اے ٹی ایف نے کلیئرنس آپریشن مکمل کیا۔ شاہد رند نے بتایا کہ فتنہ الخوارج کے دہشت گرد حملے میں پولیس کے 9 افسران و اہلکار شہید ہوئے، شہدا میں ایس ایچ اوز تھانہ منگی اور تھانہ کواس، اے ٹی ایف انچارج اور دیگر اہلکار شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈی ایس پی غلام سرور سمیت 8 پولیس اہلکار باحفاظت تھانہ کاچ پہنچ گئے ہیں جبکہ کانسٹیبل رضوان کو بھی بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا ہے۔ دوسری جانب وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے زیارت میں فتنہ الخوارج کی جانب سے پولیس چوکی پر دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حملے میں شہید ہونے والے ایس ایچ او سمیت پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیرِ اعظم نے شہداء کی بلندی درجات اور ان کے اہل خانہ کیلئے صبر کی دعاء کی۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے حملے نے ایک مرتبہ پھر سے ثابت کر دیا کہ یہ لوگ بلوچستان کی ترقی و امن اور عوام کی خوشحالی کے دشمن ہیں۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ کسی کو بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے نہیں دیں گے، امن دشمن دھشتگردوں کے سد باب تک انکے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے زیارت میں بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے 9 پولیس اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ امن کی خاطر جانیں قربان کرنے والے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، شہداء کی لازوال قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے بزدلانہ حملے امن کو سبوتاژ نہیں کر سکتے۔

بقیہ کوہِ یار 03

مذہبی رسومات کی ادائیگی کے لیے عراق لے جایا جائے گا، اس کے بعد میت کو دوبارہ ایران منتقل کیا جائے گا، جہاں جمعرات کے روز مشہد میں سپردِ خاک کیا جائے گا۔ علی خامنہ ای کی تدفین سے قبل ایران کے مختلف شہروں میں کئی روز سے تعزیتی تقریبات اور جنازے کی رسومات جاری ہیں جن میں عوام کے ساتھ ساتھ اعلیٰ سرکاری شخصیات اور غیر ملکی وفود بھی شرکت کر رہے ہیں ایرانی میڈیا کے مطابق گزشتہ روز تہران میں ہونے والے جلوسِ جنازہ میں ایک کروڑ 20 لاکھ سے زائد افراد نے شرکت کی، جلوس تقریباً 12 گھنٹے جاری رہا۔ دریں اثناء ایران کے وزیرِ خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ دھمکیاں جاری رہیں تو حتمی معاہدے پر مذاکرات شروع نہیں ہوں گے، اپنے دستخط کی عزت کریں۔ ایران امریکا مفاہمتی یادداشت کے حوالے سے عباس عراقچی نے کہا کہ ایرانی عوام اور نہ ہی ہماری بہادر مسلح افواج کسی بھی دھمکی سے متاثر ہوتی ہیں۔ عباس عراقچی نے کہا کہ ایم ایو یو کی شق نمبر 13 واضح ہے، دھمکیوں کے تسلسل میں حتمی معاہدے پر بات چیت شروع نہیں ہوگی، اپنے دستخط کا احترام کریں۔ انہوں نے کہا کہ لاکھوں ایرانیوں نے آیت اللہ خامنہ ای کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے جنازے میں اتحاد کا مظاہرہ کیا۔ دوسری جانب ایرانی اسپیکر اور چیف مذاکرات کار باقر قالیباف نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کا نفاذ مشکل لیکن ممکن قرار دیا ہے۔ تہران میں حماس کے لیڈر شِپ کونسل کے سربراہ محمد درویش سے ملاقات میں باقر قالیباف نے واضح کیا کہ معاہدے کے باوجود امریکا کے ساتھ شدید اختلافات برقرار ہیں۔

بقیہ کوہِ یار 04

کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور کرغزستان کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے مختلف پہلوؤں پر

سکوپلر 01

ہفتہ وار ٹیکہ لگوانے والے بچوں کی تعداد ۔۔۔

عیدِ قربان جماعت اسلامی کا مہنگے پیٹرول کیخلاف 10 جولائی کو ملک گیر احتجاج کا اعلان

غیر ملکی خواتین اغوا، ریپ مقدمہ کھلی عدالت میں چلایا جائے، پاکستان کے پانیوں پر بھارتی جارحیت کے خلاف بھرپور آواز اٹھائی جائے

ایران، پاکستان گیس پائپ لائن منصوبہ پر کام کا فوری آغاز، ایران سے باضابطہ تجارت کا آغاز کیا جائے' امیر جماعت اسلامی کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے پٹرولیم لیوی کے خلاف 10 جولائی بروز جمعہ کو ملک گیر دھرنوں اور مظاہروں کا اعلان کیا ہے۔منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے حکومت سے پاکستان کے پانیوں پر بھارتی جارحیت کے مسئلہ کو بھرپور طریقہ سے عالمی فورمز پر اٹھانے، ایران، پاکستان گیس پائپ لائن منصوبہ پر کام کے فوری آغاز اور ایران سے باضابطہ تجارت کے آغاز کے مطالبات کیے۔ حافظ نعیم الرحمٰن کا مزید کہنا تھا کہ غیر ملکی خواتین کے اغوا اور ریپ کیس کا مقدمہ کھلی عدالت میں (بقیہ نمبر 31 صفحہ نمبر 3 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور صوبائی وزیر عاصم کرد گیلی نیوٹرا ما سینٹر میں حالیہ ہنہ اوڑک حملے میں زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

بلوچستان میں آٹے کا بحران شدت اختیار کر گیا، قیمتوں میں اضافہ

پنجاب سے ملک بھر میں گندم کی ترسیل یقینی بنائی جائے تو آٹے کے بحران پر قابو پایا جا سکتا ہے

50 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 6 ہزار روپے سے بڑھ کر 7 ہزار روپے تک پہنچ گئی

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں آٹے کی قلت کے باعث شہریوں کی سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ گندم کی ترسیل بحال نہ ہونے کے باعث آٹے کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔فلور ملز ایسوسی ایشن کے مطابق گندم کی محدود دستیابی کے باعث مارکیٹ میں آٹے کی فراہمی متاثر ہو رہی ہے اور اگر صورتحال برقرار رہی تو بحران مزید سنگین ہو سکتا ہے۔ کوئٹہ میں 50 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 6 ہزار روپے سے بڑھ کر 7 ہزار روپے تک پہنچ گئی ہے۔ چیئرمین فلور ملز ایسوسی ایشن بدرالدین کاکڑ کا کہنا ہے کہ صوبہ پنجاب سے ملک بھر (بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 3 پر)

دہشت گردوں کے حملے میں بہگناہ پولیس اہلکاروں کی شہادت قابل مذمت ہے، حاجی علی مدد جتک

بلوچستان کے امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر سازش ناکام بنائی جائے گی، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے ضلع زیارت میں پولیس اہلکاروں پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ، سفاکانہ اور انسانیت سوز کارروائی قرار دیا ہے۔اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ فرض کی ادائیگی کے دوران پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا پوری (بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 3 پر)

پیپلز پارٹی چالیس سال بعد مینار پاکستان پر سیاسی قوت کا مظاہرہ کریگی

پارٹی کی جانب سے مینار پاکستان کنونشن کیلئے آفیشل ترانہ جاری کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی چار دہائیوں بعد مینار پاکستان پر کنونشن کا انعقاد کرے گی۔25 جولائی کو مینار پاکستان پر منعقد ہونے والے کنونشن کے لئے آفیشل ترانہ جاری کر دیا، ترانے کے بول ''چلو چلو مینار پاکستان چلو، بلاول کو وزیراعظم بنانے چلو'' ہیں۔ ترجمان کے مطابق پیپلز پارٹی چالیس سال بعد مینار پاکستان پر جلسہ کرنے جا رہی ہے، آخری مرتبہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے 10 اپریل 1986ء نے مینار پاکستان پر جلسہ کیا تھا۔

ہنہ اوڑک کے پُرامن ماحول کو ایک منظم منصوبے کے تحت خراب کیا جا رہا ہے، کامریڈ خدا بخش مغیری

بھاگ (این این آئی) جمہوری وطن پارٹی ضلع کچھی کے ضلعی رہنماں کامریڈ خدا بخش مغیری نے ہنہ اوڑک کی موجودہ صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے (بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 3 پر)

کوئٹہ، اسپیشل سیکرٹری خزانہ محمد عارف اچکزئی سرکاری ملازمین کے ہیلتھ انشورنس سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم سے گورنر بلوچستان کا رابطہ

ہنہ اوڑک میں دہشت گردانہ واقعہ، صوبے میں امن وامان صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کو گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبہ میں آمن و امان کی تازہ ترین صورتحال بالخصوص ہنہ اوڑک میں ہونے والے حالیہ دہشت گردانہ حملے متعلق آگاہ کیا۔ گورنر نے ہنہ اوڑک کے دہشتگردانہ واقعہ کی سنگینی اور حساسیت کو مدنظر رکھتے ہوئے فوری اور سخت اقدامات اٹھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ دونوں (بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 3 پر)

عوامی خدمت اولین ترجیح ہے، جمال رئیسانی

رکاوٹ یا مداخلت ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی سے رئیسانی ہاؤس کوئٹہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر ریاض شاہوانی کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں ملک شہزاد شاہوانی، حاجی محمد گل شاہوانی، جمیل احمد نیازی، ملک گاور خان شاہوانی، چیئرمین عزیز اللہ شاہوانی، ملک سلام (بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 3 پر)

ہنہ اوڑک اور زیارت واقعات قابل مذمت ،نوابزادہ امیر حمزہ زہری

حکومت امن و امان کے قیام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی، مشیر بلدیات کی مذمت

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے زیارت میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی کو خراج تحسین جبکہ ہنہ اوڑک واقعے میں بے گناہ شہریوں کی شہادت ہر افسوس کا اظہار کیا ہے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے زیارت میں فتنہ الخوارج سے وابستہ دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور شدید افسوس کا اظہار کیا ہے انھوں نے کہا کہ شہریوں کے تحفظ پر معمور (بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 3 پر)

حکومتی رٹ عملاً ریڈ زون تک محدود ہو کر رہ گئی ، جمعیت

صوبے کے بیشتر علاقے بدامنی کی لپیٹ میں ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محیب اللہ، مولانا محمد ایوب، مولانا سعید احمد، سید حاجی عبدالواحد آغا، حاجی رحمت اللہ، حافظ مسعود احمد، حاجی قاسم خان خلجی، حاجی محمد شاہ لالا، عبدالصمد ھٹیار، مفتی روزی خان بادیزئی، مولانا علی جان، مولوی جمال الدین حقانی، مولانا نقیب اللہ، مفتی رضا خان، مفتی محمد عارف شمشیر، حاجی (بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 3 پر)

رہائش کے لیے دنیا کے بہترین شہروں کی فہرست جاری، کراچی 170 ویں نمبر پر برقرار

دوسرے نمبر پر ویانا شہر اور تیسرے نمبر پر آسٹریلیا کے دو شہر میلبرن اور سڈنی ہیں

کراچی (این این آئی) اکنامسٹ انٹیلیجنس یونٹ (ای آئی یو) 2026 کے لیے رہائش کے لیے دنیا کے بہترین شہروں کی فہرست جاری کردی ہے۔ای آئی یو کی جاری کردہ فہرست کے مطابق 173 شہروں کی درجہ بندی مختلف عناصر جیسے طبی سہولیات، تعلیم، استحکام، انفرا اسٹرکچر اور ماحولیات کو مدنظر رکھ کر کی گئی ہے۔کوپن ہیگن نے استحکام، تعلیم اور انفرا اسٹرکچر کے شعبوں میں پہلا نمبر حاصل کیا ہے۔ دوسرے نمبر پر ویانا شہر اور تیسرے نمبر پر آسٹریلیا کے دو شہر میلبرن اور سڈنی ہیں۔سوئیڈن کا شہر زیورخ پانچویں اور جنیوا چھٹے نمبر پر موجود ہیں۔ایشیا (بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 3 پر)

11 جولائی کو امریکہ ایران مذاکرات پاکستان میں ہونگے سناٹر کا دعویٰ

11 جولائی کو تو نہیں لیکن آنے والے دنوں میں ممکنہ طور پر جے ڈی وینس کے پاکستان جانے کا مضبوط امکان موجود ہے

چند مہینوں میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پاکستان آمد کا بھی امکان ہے' امریکی صدر کے سابق مشیر کی انٹرویو میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے سابق مشیر ساجد تارڑ نے کہا ہے کہ 11 جولائی کو ایران امریکہ مذاکرات اسلام آباد میں ہونے کے حوالے سے خبر تصدیق شدہ ہے، میں اس ویک اینڈ پر پبلیکن پارٹی کے لوگوں کے ساتھ ملاقاتیں کرتا رہا ہوں تو وہاں باتیں ہو رہی تھیں کہ پاکستان کون کون جائے گا اور کسی اہم شخصیت کے پاکستان جانے کا ذکر بھی ہو رہا تھا۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ 11 جولائی کو تو نہیں لیکن آنے والے دنوں میں ممکنہ طور پر نائب امریکی صدر جے ڈی وینس کے پاکستان جانے کا مضبوط (بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 3 پر)

راولپنڈی، پاکستان پاورٹی ایلیوی ایشن فنڈ اور پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کے مابین باہمی شراکت داری کے معاہدے پر دستخط کے جا رہے ہیں

توبہ اچکزئی، دو بھائی کنویں گرنے سے جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) توبہ اچکزئی میں دو بھائی کنویں گرنے سے جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق منگل کو قلعہ عبداللہ کے علاقے توبہ اچکزئی میں گندم کی کٹائی کے لیے جانے والے دو افراد کنویں میں گر کر جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام نے لاشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ مزید کارروائی جاری ہے۔

تیزاب گردی جیسے گھناؤنے جرائم قابل مذمت ہیں ،ڈپٹی چیئرمین

مشکل گھڑی میں قوم ڈاکٹر ماہ نور، اہل خانہ کیساتھ کھڑی ہے، سید ال خان ناصر

کوئٹہ/کراچی (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سید ال خان نے کراچی میں آغا خان یونیورسٹی ہسپتال کا دورہ کیا اور تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں زخمی ہونے والی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔منگل کو سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق سید ال خان نے ڈاکٹر ماہ نور ناصر اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات (بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 3 پر)

غزہ، علاج نہ ملنے سے 1,500 سے زائد مریض دم توڑ گئے

آلات کی شدید کمی کے باعث مریضوں کی جانیں بچانا دن مشکل ہوتا جا رہا ہے، ڈائریکٹر وزارت صحت

غزہ (این این آئی) غزہ کی وزارت صحت نے انکشاف کیا ہے کہ اسرائیل کی جاری جنگ کے دوران طبی سہولیات اور ادویات کی شدید قلت کے باعث اب تک 1,500 سے زائد ایسے مریض انتقال کر چکے ہیں جنہیں علاج کیلئے بیرونِ ملک منتقل کیا جانا ضروری تھا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق غزہ کی وزارت صحت کے ڈائریکٹر جنرل منیر البرش نے کہا (بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 3 پر)

آبنائے ہرمز میں آئل ٹینکر کو نامعلوم پروجیکٹائل سے نشانہ بنایا گیا، برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز ایجنسی

لندن (این این آئی) برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز ایجنسی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزرتے ہوئے آئل ٹینکر کو نامعلوم پروجیکٹائل نے نشانہ بنایا ہے۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشن ایجنسی کے مطابق حملے سے ٹینکر کو نقصان پہنچا تاہم واقعے میں کوئی (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 3 پر)

ازبک فورسز کی کارروائی ڈرون سے منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام

ڈرون کے لانچنگ پیڈ، مطلوبہ خریدار اور سہولت کاروں کے خلاف تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے

سکیورٹی فورسز نے سمگلر ڈرون کو قبضے میں لے کر اس سے 2 کلو 32 گرام افیون برآمد کر کے ضبط کر لی، رپورٹ

کابل (آئی این پی) ازبک فورسز نے بڑی کارروائی کر کے افغانستان سے ڈرون کے ذریعے منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ ازبک میڈیا رپورٹس کے مطابق ازبک سکیورٹی فورسز نے افغان سرحد کے قریبی علاقے سرخان دریا میں ڈرون کے ذریعے منشیات سمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بنا دی، افغان حدود سے نامعلوم افراد نے ڈرون کے ساتھ منشیات (بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 3 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سردار قربان جوگیزئی ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر نے درخواست گزاروں کی عدم حاضری 400 سے زائد لوکل ڈومیسائل، لوکل سرٹیفکیٹس منسوخ

حب (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان کی ہدایت پر بنائی گئی کمیٹی کے رپورٹ کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر حب نے درخواست گزاروں کی عدم حاضری اور ضروری دستاویزات کی عدم فراہمی کے باوجود جاری کی گئی ضلع حب کے 400 سے زائد لوکل ڈومیسائل اور لوکل سرٹیفکیٹس کو منسوخ کر دیا ہے تفصیلات کے مطابق حال میں ضلع حب میں غیر قانونی اور (بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 3 پر)

سید ال خان ناصر کی انجینئر حضرت عمر ناصر کو ایم فل کی ڈگری امتیازی نمبروں سے مکمل کرنے پر مبارکباد

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سید ال خان ناصر نے ضلع لورالائی سے تعلق رکھنے والے نوجوان انجینئر حضرت عمر ناصر کوروس کی ایک ممتاز یونیورسٹی سے ایم فل کی ڈگری امتیازی نمبروں کے ساتھ مکمل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے (بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 3 پر)

فیسوں کی وصولی انتظامیہ کی ذمہ داری نہیں، اکیڈمک اسٹاف

کوئٹہ (این این آئی) اکیڈمک اسٹاف کی جانب سے اس امر پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے کہ امتحانات کے دوران بعض مواقع پر فیسوں کی عدم ادائیگی سے متعلق معاملات میں چیئرپرسنز اور اساتذہ کو براہِ راست شامل کیا جاتا ہے، جس کے نتیجے میں انہیں طلبہ کے ساتھ (بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3 پر)

کوہِ یار
Email: koheyaar@gmail.com
پبلشر و چیف ایڈیٹر۔خالد رئیسانی
پرنٹر۔صادق پرنٹنگ پریس بنزل روڈ کوئٹہ
مقام اشاعت۔دفتر روزنامہ کوہ یار
سائٹ نمبر 203 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ
koheyarnews@gmail.com

پنجگور میں 740 ملین روپے کے 76 ترقیاتی منصوبے مکمل

پینے کا پانی، قابل اعتماد توانائی اور بہتر عوامی انفرا سٹرکچر میسر آیا ہے، مقامی آبادی کی روزمرہ زندگی میں مثبت تبدیلی آئی ہے

پنجگور (این این آئی) بلوچستان حکومت کی جانب سے عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے نومبر 2025 میں بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ اسٹیٹیو (BSDI) کا آغاز کیا گیا، جس کے تحت ضلع پنجگور میں 740 ملین روپے کی لاگت سے 76 ترقیاتی منصوبے BSD فیزون اور فیز ٹو کے تحت مکمل کیے گئے ہیں۔ترجمان کے مطابق اس جامع ترقیاتی پروگرام کا بنیادی مقصد عوام کے معیارِ زندگی میں نمایاں بہتری لانا اور انہیں بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ منصوبوں کے تحت ضلع پنجگور کے مختلف یونین کونسلوں میں (بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 3 پر)

شکاگو، وفاقی وزیر احسن اقبال یونیورسٹی آف الینوائے شکاگو میں جدید ترین تحقیقی لیبارٹری کا دورہ کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ مراد علی شاہ کی زیر صدارت سندھ کابینہ کا اجلاس، اہم فیصلے

اجلاس میں تاریخی "سندھ فارمرز ایگریکلچرل کلیکٹو زایکٹ" 2026 کی منظوری

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت زراعت، غذائی تحفظ اور دیہی ترقی سے متعلق سندھ کابینہ کے ایک اہم اجلاس میں تاریخی "سندھ فارمرز ایگریکلچرل کلیکٹو زایکٹ، 2026 کی منظوری دے دی گئی، گندم کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت کارروائی کا حکم، محکمہ خوراک کو ڈیجیٹل بنانے کے لیے اصلاحات کا آغاز اور پاکستان کی گندم کی معیشت میں بنیادی تبدیلی لانے کے مقصد سے تیار کردہ قومی گندم پالیسی 2026 تا 2030 کے مسودے کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں زراعت کی جدید کاری، جامع تعلیم، جیلوں کی سیکورٹی، ریونیو اصلاحات، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، ریسکیو 1122 اہلکاروں کی فلاح، (بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 3 پر)

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کا اجلاس

اجلاس میں وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبہ سندھ کے حصہ اور مختلف ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ و خصوصی اقدامات کا اجلاس چیئرمین سید عبدالقادر گیلانی کی زیر صدارت منگل کے روز کراچی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ارکان قائمہ کمیٹی ذوالفقار بھچانی، ناز بلوچ، فرحان چشتی، اختر بی بی، سمیع الحسن گیلانی و دیگر شریک تھے۔ اجلاس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے سندھ سے تعلق رکھنے والے ارکان قومی اسمبلی جن میں اعجاز جکھرانی، ڈاکٹر نفیسہ شاہ، ڈاکٹر شرمیلا فاروقی، شبیر بجارانی، ارشد وہرہ، خواجہ اظہار الحسن، آسیہ اسحاق، شہریار خان مہر و دیگر کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا تھا۔ اجلاس میں وفاقی سیکرٹری پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اویس سومرا، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ سندھ نجم احمد (بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 3 پر)

سی ٹی ڈی کو جدید اسلحہ اور تکنیکی سہولتوں سے مزید مستحکم کیا جائے، ضیا الحسن لنجار

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سی ٹی ڈی ہراول دستے کا کردار ادا کر رہی ہے

کراچی (این این آئی) سندھ کے وزیر داخلہ ضیا الحسن لنجار نے کہا ہے کہ کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کو جدید اسلحہ، ٹیکنالوجی اور دیگر ضروری وسائل سے مزید مستحکم کیا جائے گا تاکہ دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر داخلہ سندھ نے سی ٹی ڈی ہیڈ آفس کا دورہ کیا، جہاں جاوید عالم اوڈھو نے ان کا (بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 3 پر)

کراچی ایئرپورٹ پر لاہور سے آنے والا مسافر انتقال کر گیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر لاہور سے آنے والا مسافر انتقال کر گیا۔ تفصیلات کے مطابق مسافر پارکنگ ایریا میں اچانک گر کر بے ہوش ہو گیا تھا، شہری کی اطلاع پر حکام اور (بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 3 پر)

دکی، دھماکے میں موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق ہو گیا

کوئٹہ (این این آئی) دکی کے علاقے میں دھماکے میں موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق منگل کو دکی کی تحصیل لوئی کے علاقے کلی (بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 3 پر)

دبئی انٹرنیشنل ہولی قرآن ایوارڈ کے نئے ایڈیشن کا اعلان،

دنیا بھر کے بہترین قراء کی تلاش دوبارہ شروع

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے نائب صدر، وزیراعظم اور دبئی کے حکمران شیخ محمد بن راشد آل مکتوم (بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 3 پر)

مبینہ اغوا شدہ 13 سالہ بچی کی عدم بازیابی پر مہتم برادری کا احتجاج

سکھر (این این آئی) پنو عاقل کے نواحی گوٹھ قابل مہتم ٹھکرانو کی رہائشی مہتم برادری کے مرد و خواتین کی بڑی تعداد نے مبینہ اغوا شدہ بچی پناہ خاتون کی عدم بازیابی کے خلاف سکھر پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا اور بازیابی کے لیے نعرے بازی کی۔ (بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 3 پر)

چین میں ڈیم ٹوٹ گیا، سیلابی ریلہ آبادی کی طرف بڑھنے پر ہنگامی حالت نافذ

امدادی اداروں، فوج اور مقامی انتظامیہ کو فوری طور پر ریسکیو اور انخلا کی اروائیوں میں لگا دیا گیا

بیجنگ (این این آئی) چین کے علاقے گوانگشی کے دارالحکومت میں مسلسل موسلا دھار بارشوں کے باعث ایک ڈیم کی دیوار ٹوٹ گئی، جس کے بعد پانی کا بڑا ریلہ قریبی آبادیوں کی جانب بڑھ گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق حکام نے ممکنہ بڑے سیلاب کے پیش نظر ہنگامی صورتحال نافذ کرتے ہوئے متاثرہ علاقوں سے شہریوں کے انخلا کا عمل شروع کر دیا ہے۔ چینی میڈیا کے مطابق طوفان میساک کے اثرات کے باعث گوانگشی کے مختلف دریاں، ڈیموں اور آبی ذخائر میں پانی کی سطح خطرناک حد تک بلند ہو گئی، جس کے نتیجے میں ڈیم کی دیوار دباؤ برداشت نہ کر سکی (بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 3 پر)

چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نور الحق بلوچ، ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان لیبیا کے متحارب دھڑوں میں مصالحتی کردار ادا کر رہا ہے، برطانوی میڈیا

یہ کوششیں کامیاب ہوئیں تو پاکستان کا بین الاقوامی سفارتی کردار مزید مضبوط ہو گا، پاکستانی ذرائع کے حوالے سے رپورٹ

گورنمنٹ آف نیشنل کنسینسس اور صدارتی کونسل کے نام سے مشترکہ عبوری ڈھانچہ قائم کیا جائے گا، رپورٹ

لندن (آئی این پی) پاکستان نے لیبیا کے مشرقی اور مغربی اقتدار کے مراکز کے درمیان اختلافات ختم کرانے کے لئے خاموش سفارتی کوششیں شروع کر دی ہیں۔ برطانوی خبر رساں ادارے نے دو پاکستانی ذرائع کے حوالے سے رپورٹ میں کہا ہے کہ اگر یہ کوششیں کامیاب ہوئیں تو پاکستان کا بین الاقوامی سفارتی کردار مزید مضبوط ہو گا، پاکستان کی ثالثی کی یہ کوششیں ایسے وقت میں سامنے آئی ہیں جب امریکہ کئی ماہ سے لیبیا کے بحران کا سفارتی حل تلاش کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ لیبیا 2011 میں معمر قذافی کی حکومت کے خاتمے کے بعد سے مشرقی اور مغربی (بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 3 پر)

☆☆☆